بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہل سنّت) پاکستان

الشهادة العالمية في العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | پہلا پرچہ: عقائد وکلام | کل نمبر: 100

نوٹ: دونوں قسموں میں دو، دو سوالات کا حل مطلوب ہے

القسم الاول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عقائد نسفیہ

سوال نمبر 1 (الف) کیا عالم اپنے جمیع اجزاء کے ساتھ حادث ہے؟ اگر ہاں تو کیوں؟ عقائد نسفیہ کی روشنی میں وجہ قلمبند کریں (۱۰)

(ب) عالم کو پیدا کرنے والا کون ہے؟ اور اس کی کیا کیا صفات ہیں؟ تحریر کریں (۱۵)

سوال نمبر 2 (الف) رؤیت باری تعالی کس طور پر ممکن ہے نیز رؤیت باری تعالی کی کیفیت تحریر کریں (۱۰)

(ب) عذاب قبر، سوال نکیرین، بعث، میزان، کتاب، سوال، حوض کوثر، پل صراط، جنت اور دوزخ کے متعلق اصل عقیدہ تحریر کریں (۱۵)

سوال نمبر 3 (الف) حضور علیہ السلام کو معراج کس حال میں اور کہاں سے کہاں تک کروائی گئی عقائد نسفیہ کی روشنی میں جواب قلمبند کریں (۱۰)

(ب) کرامت اور معجزہ میں کیا فرق ہے نیز عقائد نسفیہ میں مذکور چند کرامات تحریر کریں (۱۵)

القسم الثانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الحق المبین

سوال نمبر 1 (الف) بعض لوگ اعلی حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ آپ کسی پر کفر کا فتوی لگانے میں دیر نہیں کرتے تھے؟ آیا یہ درست ہے؟ اگر نہیں تو کیسے؟ وضاحت سے تحریر کریں (۱۰)

(ب) حقیقت میں مسلمانوں کو کافر کہنے والا کونسا گروہ ہے؟ دلیل سے جواب دیں (۱۵)

سوال نمبر 2 (الف) جو افراد حضور علیہ السلام کی شان میں گستاخی کریں اور کفر کا ارتکاب کریں انکے ساتھ رشتہ داری کی بناء پر تعلقات قائم رکھنے کے بارے میں قرآن کیا حکم ارشاد فرماتا ہے تحریر کریں۔ (۱۰)

(ب) اللہ تعالی کو مخلوق کے کاموں کا علم ہے یا نہیں اہلسنت اور غیر اہلسنت کا اس بارے میں کیا عقیدہ ہے نیز علم الہی کے منکر کیلئے اہلسنت کے نزدیک کیا حکم ہے؟ (۱۵)

سوال نمبر 3 امکان کذب باری تعالی، قرآن کا کفار کو اپنی فصاحت و بلاغت سے عاجز کرنا، ملک الموت اور حضور علیہ السلام میں سے کس کا علم زیادہ ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی عاقبت کا علم ہونا یا نہ ہونا، اور نماز میں حضور علیہ السلام کے خیال سے نماز کا ٹوٹنا، ان تمام مسائل میں اہلسنت اور غیر اہلسنت کے کیا کیا عقائد ہیں بالتفصیل تحریر کریں (۲۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہل سنّت) پاکستان

الشہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ (سال اول) الموافق سنۃ ۱۴۳۵ ھجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے　　دوسرا پرچہ: میراث　　کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں اور دو سوال میں یا کے ساتھ اختیار دیا گیا ہے۔

سوال نمبر 1　(الف) علم المفرائض کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں　(۱۰)

(ب) علم الفرائض کو نصف علم کہنے کی پانچ وجوہ تحریر کریں　(۱۰)

(ج) کسی شخص کے ترکہ سے وراثت حاصل کرنے کے اسباب اور اسکی شرائط لکھیں　(۱۰)

یا

(الف) ترکہ، وارث اور مورِث میں سے ہر ایک کی تعریف تحریر کریں　(۱۰)

(ب) میت کے مال سے متعلقہ امور بیان کریں　(۱۰)

(ج) میراث سے محروم کرنے والے اسباب کی وضاحت کریں　(۱۰)

سوال نمبر 2　(الف) ذوی الفروض اور عصبات میں سے ہر ایک کی تعریف قلمبند کریں　(۱۰)

(ب) بیٹی کی تینوں حالتیں مع امثلہ نقل کریں　(۱۰)

(ج) عصبہ بغیرہ اور عصبہ مع غیرہ میں فرق واضح کریں　(۱۰)

یا

(الف) عصبہ بنفسہ کی اقسام کی وضاحت کریں　(۱۰)

(ب) ماں کی سب حالتیں مثالوں سمیت بیان کریں　(۱۰)

(ج) حجب کی تعریف تحریر کر کے اس کی دونوں اقسام مع امثلہ بیان کریں　(۱۰)

سوال نمبر 3　درج ذیل مسائل حل کریں

(الف)

میت

(ب) شوہر　پوتی　بیٹا

میت

(ج) بیوی　باپ　دادا

میت

(د) بیوی　بیٹی　حقیقی بہن

میت

بیوی　4 دادیاں　6 ماں شریک

بہنیں

یا

(الف)

میت

(ب) دادا　بیٹا　بیٹی

میت

(ج) حقیقی بہن　باپ شریک بہن　چچا

میت

(د) شوہر　ماں　باپ

میت

4 بیویاں　9 بیٹیاں　6 جدات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اھل سنّت) پاکستان

الشھادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ (سال اول) الموافق سنۃ ۱۴۳۵ ھجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | چوتھا پرچہ: مسند امام اعظم و آثار السنن | کل نمبر: 100

نوٹ: دونوں قسموں سے صرف دو، دو سوالات حل کریں: القسم الاول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مسند امام اعظم

سوال نمبر 1 عن ابن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال لعن اللہ القدریۃ و قال ما من نبی بعثہ اللہ تعالی قبل الا حذر اتتہ منھم و لعنھم

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور اس پر اعراب لگائیں (۲۵)

(ب) قدر کے معنی اور فرقہ قدریہ کا عقیدہ لکھیں اور واضح کریں کہ کس بنا پر ایک روایات میں انکو اس امت کا مجوسی قرار دیا گیا ہے

(ج) اس فرقہ پر لعنت کرنے والے انبیاء کرام کی تعداد جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اس کو ضبط تحریر میں لائیں

سوال نمبر 2 عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ ﷺ طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ مسلمہ پر طلب علم فرض ہے یا نہیں بر تقدیر اول اس کا ذکر کیوں نہیں کیا گیا؟ (۱۰)

(ب) فرض عین اور فرض کفایہ کی تعریف کریں اور بتائیں کہ علم فقہ کا سیکھنا فرض عین ہے یا فرض کفایہ؟ (۱۰)

(ج) قرآن مجید کتنی مقدار سیکھنا فرض عین ہے اور کس پر (۵)

سوال نمبر 3 بلوغت سے قبل مرجانے والے کفار کے بچے کافر ہیں یا مؤمن۔ اس مسئلہ میں اختلاف ائمہ بمع دلائل سپرد قلم کریں اور امام اعظم کا مؤقف بمع دلیل تحریر کریں (۲۵)

القسم الثانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔آثار السنن

سوال نمبر 1 عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال ما بین المشرق و المغرب قبلۃ (۲۵)

۱۔ مشرق اور مغرب کے درمیان قبلہ کن لوگوں کے لئے ہے۔ مدینہ سے کس جانب میں قبلہ ہے؟ یہ ارشاد مکہ میں فرمایا یا مدینہ میں

۲۔ مکہ میں فتح مکہ سے قبل سرکار علیہ السلام کس جانب متوجہ ہو کر نماز پڑھتے تھے اور کیفیت کیا تھی

۳۔ تبدیلئ قبلہ کا سن، مقام اور وقت تحریر کریں نیز کیفیت بیان کریں

سوال نمبر 2 عن سالم قال قیل لابن عمر رضی اللہ عنہ ان عبد اللہ بن عیاش یقول یقطع الصلوۃ الکلب و الحمار فقال لا یقطع صلوۃ المسلم شئ۔ و عن انس ان النبی ﷺ قال یقطع الصلوۃ الکلب الحمار

(الف) دونوں حدیثوں کا ترجمہ کریں اور انکے مابین واقع تعارض اٹھائیں (۱۵)

(ب) اس مسئلہ میں مذہب احناف لکھیں اور حدیث کا جواب دیں (۱۰)

سوال نمبر 3 زیارت قبور للنساء کے مسئلہ میں مجوزین و مانعین کے دلائل لکھیں نیز یہ واضح کریں کہ مانعین کے نزدیک عورت کا زیارت قبور کے لئے جانا حرام ہے یا مکروہ ہے اور مجوزین کے نزدیک عورت کیلئے کوئی شرط ہے یا بلا شرط جا سکتی ہے۔ (۲۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہل سنّت) پاکستان

الشهادة العالمية في العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجري/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے — پانچواں پرچہ: مؤطا امام مالک وامام محمد — کل نمبر: 100

نوٹ: قسم اول سے صرف ایک سوال اور قسم ثانی سے صرف دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ موطا امام مالک

سوال نمبر 1 مالک عن عبد الرحمن بن القسم عن ابیه انه اخبره ان عائشة زوج النبی ﷺ کان یدخل علیها من ارضعته اخواتها وبنات اخیها ولا یدخل علیها من ارضعته نساء اخواتها۔

(۱) حدیث کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں (۵) (۲) جن لوگوں کو آپ کی بھابھیاں دودھ پلاتیں انہیں آپ کے ہاں آنے کی اجازت نہ تھی جبکہ بہن اور بھتیجی کے پلائے ہوئے کو اجازت تھی ایسا کیوں تفصیلاً تحریر کریں (۵)

(۳) اثبات رضاعت کیلئے دودھ کی مقدار کتنی ہے ائمہ اربعہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں (۲۵)

سوال نمبر 2 جزءاول: مالک عن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة ان سعد بن عبادة قال لرسول الله ﷺ ارأیت لو انی وجدت رجلا وامهله حتی أتی باربعة شهداء فقال لرسول الله ﷺ نعم۔

(۱) سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور اعراب لگائیں (۱۰) (۲) حدیث مذکورہ میں بیان کردہ سبب لعان کو واضح انداز میں تحریر کریں اور لعان کا طریقہ اور حکم بیان کریں (۱۵)

جزء ثانی: مالک عن نافع ان عبدا کان یقوم علی رقیق الخمس وانه استکره جاریة من ذلک الرقیق فوقع بها فجلده عمر بن الخطاب ونفاه ولم یجلد الولیدة لانه استکرهها۔ (۱) سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور اعراب لگائیں (۱۰)

(۲) کوڑے لگانا حد اور جلاوطن کرنا تعزیر ہے کیا دونوں کا بیک وقت اجراء درست ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو حدیث کا جواب کیا ہوگا (۵)

(۳) زانی کے مستکرہ ہونے کی صورت میں حد لگائے جانے کے بارے اختلاف ائمہ بیان کریں (۱۰)

القسم الثانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ موطا امام محمد

سوال نمبر 3 عن عبد الله بن رافع مولیٰ ام سلمة زوج النبی ﷺ عن ابی هریرة وقوت الصلوٰة انه ساله عن وقت الصلوة فقال ابو هریرة انا اخبرک صل الظهر اذا کان ظلک مثلک والعصر اذا کان ظلک مثلیک والمغرب اذا غربت الشمس والعشاء ما بینک وبین ثلث اللیل فان نمت الی نصف اللیل فلا نامت عینک وصل الصبح بغلس۔

(۱) سلیس اردو میں ترجمہ کریں (۵) (۲) خط کشیدہ الفاظ کی ترکیب نحوی تحریر کریں (۵)

(۳) عندالاحناف نماز کے اوقات خمسہ کی ابتداء اور انتہا تحریر کریں اور اوقات مستحبہ کا تعین کریں نیز وہ کونسا وقت ہے جس میں امام صاحب اور صاحبین کے مابین اختلاف موجود ہے (۱۵)

سوال نمبر 4 عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال اذا استیقظ احدکم من نومه فلیغسل یده قبل ان یدخلها فی وضوئه فان احدکم لا یدری این باتت یده۔ (۱) سلیس اردو میں ترجمہ کریں (۵) (۲) خط کشیدہ لفظ کے مختلف قرأت کے اعتبار سے مختلف معانی بیان کریں اور حدیث شریف میں معنی کا تعین کریں (۵) (۳) فلیغسل یہ امر وجوبی ہے یا استحبابی امام ابوحنیفہ اور امام محمد کا مسلک واضح کریں کیا ہاتھ پر ظاہری نجاست ہونے کی صورت میں یہی حکم ہوگا (۱۵)

سوال نمبر 5 عن ابی هریرة قال من کان له مال ولم یود زکاته مثل له یوم القیامة شجاعا اقرع له زبیبتان یطلبه حتی یمکنه فیقول انا کنزک

(۱) سلیس اردو میں ترجمہ کریں (۵) (۲) کنز اور رکاز کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ رکاز پر زکوۃ فرض ہے یا نہیں (۵)

(۳) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کنز کی جو تعریف کی ہے تحریر کریں (۵)

(۴) سونے اور چاندی کا نصاب تحریر کریں نیز بتائیں کہ عورت کے زیورات پر زکوۃ فرض ہے یا نہیں (۵)

(۵) خط کشیدہ الفاظ کے معانی زیب قرطاس بنائیں (۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہل سنّت) پاکستان

الشهادة العالمية فی العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | چھٹا پرچہ: اصول حدیث | کل نمبر: 100

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے بقیہ سوالات میں سے دو کا حل مطلوب ہے

سوال نمبر 1 (الف) درج ذیل اقسام کتب حدیث، احادیث کی تعریف اور امثلہ تحریر کریں (۱۵)

جامع۔ معجم۔ اطراف۔ مسند۔ سنن۔ صحیح

(ب) احادیث سے ثابت ہونے والے امور کتنے ہیں؟ مفصلا تحریر کریں (۱۵)

سوال نمبر 2 (الف) حجیت حدیث پر جامع نوٹ قلمبند کریں (۱۵)

(ب) امام طحاوی رحمہ اللہ کا نام ونسب، تاریخ ولادت ووصال اور مہارت حدیث بیان کریں (۱۵)

سوال نمبر 3 درج ذیل اصطلاحات حدیث کی تشریح تحریر کریں (۳۰)

مرسل ۔ مرفوع ۔ ضعیف ۔ مضطعرب ۔ شاذ ۔ مضطرب ۔متوتر

سوال نمبر 4 (الف) حدیث ضعیف کو کب تقویت حاصل ہوتی ہے تحریر کریں؟ (۱۵)

(ب) خبر واحد کی تعریف اور حکم بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ نسبت سند کے اعتبار سے خبر واحد کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ (۱۵)

سوال نمبر 5 (الف) اصطلاح علم حدیث میں طالب، شیخ، حاکم کسے کہتے ہیں؟ (۱۵)

(ب) سند ومتن کے فرق کو مثال سے ثابت کریں (۱۰)

(ج) روایات مختلفہ میں ائمہ کرام رحمھم اللہ کا ذوق کیا تھا؟ (۱۵)